# Lubion®

پروجیسٹرون 25 ملی گرام
محلول برائے انجیکشن

## آپ کے IVF دور کے لوٹیل سپورٹ کے لیے
## ایک آبی پروجیسٹرون

**زیر جلد خود سے انجیکشن لگانے کا ایک ہدایت نامہ**



Caring Innovation

UKLU00169, تیاری کی تاریخ: اپریل 2023

# Lubion کا استعمال کیسے کریں؟

قبل اس کے کہ آپ پہلا انجیکشن شروع کریں، اپنے ہاتھوں کو دھوئیں اور کام کے لیے ایک صاف ستھری سطح تیار کریں جس پر آپ اپنی ساری ضروری چیزیں رکھ سکیں:-




سرنج
انجیکشن کی چھوٹی سوئی (اکثر زرد یا خاکستری)
لمبی ڈرائنگ-اپ سوئی (اکثر ہری یا گلابی)
®Lubion مائع بنانے کی شیشی
نوکیلی اشیاء کا کوڑے دانُ


- بڑی ڈرائنگ-اپ سوئی کو سرنج سے مربوط کریں، سوئی کے حفاظتی ڈھکن کو اس کی جگہ پر برقرار رکھتے ہوئے۔



- ®Lubion کی شیشی سے پلاسٹک کا حفاظتی کیپ ہٹائیں، شیشی کے اوپری حصّہ میں ربڑ کی ایک جھلی کو اکسپوز کرتے ہوئے۔
- بڑی والی سوئی سے حفاظتی ڈھکن ہٹائیں۔



- شیشی کے اوپری حصّہ میں موجود ربڑ کی جھلی میں سوئی سے سوراخ کریں، سوئی کو آرام سے شیشی کے نچلے حصّہ تک دھکیلیں اور دھیرے دھیرے محلول کو سرنج میں کشید کریں۔
- سوئی نکال لیں اوریہ یقینی بنانے کے لیے پلنجر کو تھوڑا پیچھے کی طرف کھینچیں کہ سوئی میں کوئی مائع باقی نہ رہ گیا ہو۔



- سرنج سے ڈرائنگ اپ سوئی کو الگ کر لیں اور اس کو ®Lubion کی خالی شیشی کے ساتھ نوکیلی اشیاء کے کوڑے دان میں ضائع کر دیں۔





- انجیکشن کی چھوٹی سوئی کو سرنج سے مربوط کریں، سوئی کے حفاظتی ڈھکن کو اس کی جگہ پر برقرار رکھتے ہوئے۔



- انجیکشن کی سوئی سے سوئی کا حفاظتی ڈھکن ہٹا دیں اور ہوا کے بلبلوں کے لیے سرنج کی تفتیش کریں۔
- سرنج کو اس طرح پکڑیں کہ سوئی کا سرا اوپر کی طرف ہو اور اپنی انگلی سے سرنج کو ہلکا جھٹکا دیں یہاں تک کہ تمام بلبلے اوپری سرے پر جمع ہو جائیں۔



- سرنج کے پلنجر کو آرام سے دھکیلیں یہاں تک کہ تمام بلبلے نکل جائیں اور مائع کا ایک قطرہ سوئی کے سرے پر ظاہر ہو جائے۔



## Lubion زیر جلد انجیکشن کے طور پر پیٹ میں یا ران کے اوپری حصّہ میں دیا جاتا ہے۔

- پیٹ کے مقام پر انجیکشن دیتے وقت اس بات کی سفارش کی جاتی ہے کہ اس کام کو ناف کے نیچے ایک قوس کے علاقے میں کہیں پر کرنا چاہیے۔
- کیوں کہ یہ پروڈکٹ روزانہ دیا جاتا ہے انجیکشن کے مقام کو تبدیل کرتے رہنے کی سفارش کی جاتی ہے تاکہ ایک ہی جگہ میں انجیکشن کی تکرار نہ ہو۔



- ایک ساتھ مضبوطی سے جلد کو چٹکی میں پکڑ لیں اور 45° تا 90° کے درمیان ایک زاویے پر سوئی داخل کریں۔



- چٹکی میں پکڑی ہوئی جلد کو چھوڑنے کے ساتھ ساتھ پلنجر کو آہستہ آہستہ اور مسلسل دباتے ہوئے پوری دوا داخل کر دیں۔



Lubion کی تیاری اور انجیکشن کے طریقہ کے سلسلہ میں ایک مکمل ویڈیو گائیڈ کے لیے QR کوڈ اسکین کریں یا ملاحظہ کریں:
www.ibsapharma.co.uk/products/product/lubion

IBSA

# Lubion®

## مجھے پروجیسٹرون کیوں تجویز کی گئی ہے؟

کسی نارمل ماہواری کے پہلے نصف میں، بیضے جن ساختوں میں بڑے ہوتے ہیں انہیں فولیکلز کہا جاتا ہے جو کہ بیضہ کے ارد گرد ہارمون کی افزائش کرنے والے خلیوں کی تہوں اور ہارمون سے بھرپور مائع کی ایک جھیل سے تیار ہوتے ہیں۔ فولیکلز ایسٹروجن نامی ایک ہارمون پیدا کرتا ہے جو کہ انڈومیٹریم یا بچہ دانی کی پرت میں تکثیر (جمع ہونے) کا باعث ہوتا ہے۔ عام طور پر خواتین کے یہاں ایک غالب فولیکل ہوتا ہے، جو دور کے وسط کے آس پاس پھٹ جاتا ہے جس سے انڈا ریلیز ہوتا ہے۔ اس کو بیضہ ریزی کہا جاتا ہے۔ بیضہ ریزی کے بعد، خالی فولیکل تبدیل ہو کر ایک ساخت ہوجاتا ہے جسے **کارپس لوٹیم** کہا جاتا ہے، جو کہ پروجیسٹرون پیدا کرتا ہے۔

پروجیسٹرون انڈومیٹریم کو تبدیل کرتا ہے تاکہ وہ جنین کو قبول کرنے اور پھر پروان چڑھانے کے لیے سازگار بن جائے۔ پروجیسٹرون انڈومیٹریم کو برقرار رکھتا ہے اور مخصوص مواد کی ریزش کو یقینی بناتا ہے جو کہ اس کو ٹوٹنے پھوٹنے سے محفوظ رکھتا ہے۔ پروجیسٹرون مامونیتی نظام کو متاثر کرتا ہے اور لہذا وہ ابتدائی اور جاری حمل کو باقی رکھنے کے لیے انتہائی ضروری ہے۔[2,1]

اگر آپ نے Assisted Reproductive Technology (ART) (اعانتی تولیدی ٹیکنالوجی) سے علاج کرایا ہے جیسے انویٹرو فرٹیلائزیشن (IVF)، انٹرا سائٹوپلازمک اسپرم انجیکشن(ICSI) یا بیضہ کے عطیہ کے بعد تو **'لوٹیل سپورٹ'** کے لیے اضافی پروجیسٹرون فراہم کرنا معمول کا عمل ہے۔ یہ سپورٹ عام طور پر بیضہ کے کلکشن کے فوراً بعد شروع ہوجاتا ہے اور جب تک جسم اپنے طور پر کافی مقدار میں پروجیسٹرون پیدا نہ کرے اور اس کو اضافی سپورٹ کی ضرورت باقی نہ رہے جاری رہتا ہے۔

حوالہ جات


1. Shah NM, Lai PF, Imami N, Johnson MR. Progesterone-Related Immune Modulation of Pregnancy and Labor. Front Endocrinol (Lausanne). 2019;10:198. Published 2019 Mar 29. doi:10.3389/fendo.2019.00198

2. Schumacher A, Costa SD, Zenclussen AC. Endocrine factors modulating immune responses in pregnancy. Front Immunol. 2014 May;5:196.




منفی وقوعے

اگر آپ کو کوئی ضمنی اثرات ہو جاتے ہیں تو اپنے ڈاکٹر، فارمیسسٹ یا نرس سے بات کریں۔
اس میں کوئی بھی ایسے ممکنہ ضمنی اثرات شامل ہیں جو پیکج کے ورقچہ میں مذکور نہیں ہیں۔

آپ ضمنی اثرات کی اطلاع راست طور پر یلو کارڈ اسکیم (Yellow Card Scheme) کے ذریعہ /https://yellowcard.mhra.gov.uk پر بھی کر سکتی ہیں۔

ضمنی اثرات کی اطلاع دے کر آپ اس دوا کے محفوظ ہونے کے سلسلہ میں مزید معلومات فراہم کرنے میں مدد کر سکتی ہیں۔


IBSA Pharma Ltd

Sullivan House, 4-6 Colonial Business Park, Colonial Way, Watford WD24 4PR

ٹیلی فون: +44 (0)1923 233 466 www.ibsapharma.co.uk